محمد اسرار ابن مدنی



تعارف وتبصرہ کتب

● تحفہ القاری بحل مشکلات البخاری (ج ۲) ...... علامہ محمد ادریس کاندھلویؒ

ضخامت ۶۴۴ صفحات ناشر: ادارہ اشرف التحقیق والبحوث الاسلامیہ لاہور

اہل علم وفضل میں وہ کون ہوگا جو امام الجلیل فخر المحدثین والمفسرین والمتکلمین العلامہ محمد ادریس کاندھلویؒ جیسے عبقری شخصیت کے علم وفضل سے واقف نہ ہو ان کا نام تو کسی تعارف کا محتاج ہے اور نہ کام، ان کے قلم سے نکلے ہوئے شہ پارے قرآن وسنت، فقہ وکلام پر ان کی گہرائی اور مضبوط گرفت پر دلالت کرتی ہے کوئی ایسا موضوع غالباً نہیں ہوگی جس پر علامہ کاندھلویؒ نے قلم نہ اٹھایا ہو۔ آپ کی شخصیت کمالات علمی اور کمالات ظاہری و باطنی کے اعتبار سے مرجع عوام وخواص تھیں۔ تبحر عالم، تحقیق وتفقہ، تقوی طہارت میں اعلی مقام رکھتے تھے۔

کسر نفسی کی شان رکھنے والے فرد رشید کے قلم سے یہ گوہر افشان کتاب تحفہ القاری بحل مشکلات البخاری کی دوسری جلد ہمارے سامنے ہے اس کی پہلی جلد منظر عام کو معطر کر چکے ہیں۔ صحیح بخاری ایک مشکل اور ادق کتاب ہے اس کی مشکل مواقع کا حل دل گردے کا کام ہے۔ عربی زبان میں علامہ صاحب نے اس کی شرح تحریر فرما کر اس کے حیات میں اسکی تین جلدیں بغیر تعلیقات کے شائع ہوئی تھی۔ اب ایک قابل قدر محقق ڈاکٹر خلیل احمد تھانوی نے اس شرح کی تدوین نو کا آغاز فرمایا ہے یہ اسکی دوسری جلد ہے وقیع علمی تعلیقات سے اس کو مزین فرمایا گیا ہے۔ یہ شرح علمی اور اسلامی دنیا کے لئے قابل قدر علمی خزینہ ہے۔ مصنف نے تمام مباحث پر کما حقہ حسب استطاعت حق ادا کیا ہے یہ کتاب غالباً ۱۳ جلدوں کو محیط ہے، اللہ کرے اسی طرح یہ شرح جلد مکمل ہو جائے اور اہل علم وتحقیق کے تشنگی بجھانے کا سبب بنے یہ دوسری جلد کتاب العلم، کتاب الوضو، کتاب الحیض، کتاب التیمم، کتاب الصلوٰۃ پر مشتمل ہے۔

ان ابواب میں جہاں بھی مشکل مقامات ہے اسکی وضاحت نہایت ہی بلیغ انداز میں کیا اور اسلوب تحریر عام فہم اور سہل ہے۔ اللہ مولانا خلیل احمد تھانوی کو استقامت عطاء فرمائے کہ اس کی بقیہ جلدوں کی اشاعت کا بندوبست کریں تا کہ یہ شرح مکمل ہو کر علمی دنیا میں ایک خلا کو پر کرسکیں۔ (مبصر: محمد اسلام حقانی)